Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

Ref: GSPL/PR/25/01/026
Date: 01/09/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

اینووَل کنیکٹ 2025
گروسیف کی بہترین اسٹاف، انٹرن شپ کے شرکاء کے اعزاز میں تقریب

صحت، حفاظت اور ماحولیات (HSE) کے شعبے میں کنسلٹنسی، آڈٹس، تربیت اور سرٹیفکیشن فراہم کرنے والے ادارے گروسیف نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسٹاف اور حال ہی میں اختتام پذیر سمر انٹرن شپ پروگرام کے شرکاء کے اعزاز میں اینوول کنیکٹ 2025 کا انعقاد کیا۔

اس یادگار ایونٹ کا انعقاد ہفتے کے روز دو دریا پر واقع سجاد ریسٹورنٹ میں کیا گیا۔ 6 ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام میں ادارے کے مختلف شعبوں کی مہارت کو شامل کیا گیا۔

ایوارڈز اور شیلڈز بانی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر گروسیف، سعد عبدالوہاب، ڈائریکٹر فنانس اور سپلائی چین انس خان اور ڈائریکٹر ہیومن ریسورس، سیلز اور مارکیٹنگ، حمدان صدیقی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے انٹرن اور اسٹاف کو دیے۔

اعزازات وصول کرنے والوں میں جنرل مینیجر ٹیکنیکل اینڈ انسپیکشنز عثمان باری اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ برائے انٹرنیشنل ٹریننگز اینڈ کنسلٹنسی شایان احمد شامل تھے، جبکہ ایمپلائی آف دی ایئر کا اعزاز مینیجر کوآرڈینیشن اینڈ سسٹینیبیلیٹی مزمل صفدر نے وصول کیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب حمدان صدیقی نے ادارے کے اسٹاف اور انٹرن شپ کے شرکاء کے عزم اور جذبے کو سراہا۔

گروسیف اپنے اسٹاف کی صلاحیتوں کی پہچان، ان کی حوصلہ افزائی اور افراد کار کے مسلسل فروغ پر یقین رکھتا ہے، اور مستقبل کے ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کے عزم کے حوالے سے ان کی تازہ کامیابیوں پر پُرفخر اور ان کی خوشی میں پوری طرح شریک ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe